ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (370)

مورخہ 08.07.2023

**بہاولپور(           )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی ہدایت پر پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، چنی گوٹھ پولیس نے 07 جواریوں کو تاش و داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا۔ایسے معاشرتی جرائم ہی دراصل دیگر جرائم کا سبب بنتے ہیں۔جس سے معاشرہ بدامنی کا شکار رہتا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ چنی گوٹھ پولیس کی قمار بازوں کے خلاف بڑی کارروائی، جوا کھیلتے ہوئے 07 ملزمان جام حضور بخش، جام محمد اقبال، خالد محمود، محمد کامران، جمن، محمد منور اور محمد اسلم کو تاش کے پتے اور داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرکے حوالات بند کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایسے معاشرتی جرائم ہی دراصل دیگر جرائم کا سبب بنتے ہیں جس سے معاشرہ بدامنی کا شکار رہتا ہے۔نوجوان اپنی جمع پونجی جوئے میں ہارنے کے بعد ناجائز طریقے سے رقم حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔جہاں سے دیگر جرائم جنم لیتے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، چنی گوٹھ پولیس نے 07 جواریوں کو تاش و داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(371)

مورخہ 08.07.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 05 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔ایسے گھناؤنے کاروبار کے مرتکب افراد کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 02 ملزمان محمد امجد اور اللہ رکھا کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 کلو 120 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ تھانہ خیر پور پولیس نے 01 ملزم شاہ محمد کو 01 عدد چالو بھٹی اور 130 لیٹر دیسی شراب سمیت بند حوالات کیا۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 02 ملزمان ناصر حسین اور محمد آصف کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں منشیات،شراب واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان گرفتار